اردو لازمی (معروضی) (پہلا گروپ) (سیشن 2021-23 to 2019-21) پرچہ (II) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ PAPER CODE 4027 SGD-12-1-23 کل نمبر 20

نوٹ:- ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| سنہری | کالا | نیلا | پیلا | ڈاکٹر زیدی کے کمرے کے دروازے پر کس رنگ کا پردہ پڑا ہوا تھا۔ | 1 |
| پٹنہ | دہلی | لکھنؤ | کلکتے | خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے: | 2 |
| عمر خیام تھا | ابن بطوطہ تھا | سند باد جہازی تھا | کولمبس تھا | میں اس نئی دنیا کا: | 3 |
| سرمہ اور نادعلی | خاک شفا | نادِعلی | سرمہ | اکبری نے پسند کیا: | 4 |
| پچیس ہزار | بارہ سو | پانچ ہزار | پندرہ ہزار | دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج کی تعداد تھی۔ | 5 |

☆ مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجئے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | |
|---|---|---|---|---|---|
| میٹھا پائے | میٹھے پائے | میٹھا پایا | میٹھے پایا | ہم نے سندھ کے آم: | 6 |
| لہذا | مگر | اگر | چونکہ | ۔۔۔۔۔وہ کہتا تو میں اس کی مدد کرتا: | 7 |
| تمام | کوئی | سارے | سب | ۔۔۔۔۔آئے مگر وہ نہ آیا۔ | 8 |
| رہتیں ہیں | رہتی ہے | رہتا ہے | رہتے ہیں | میاں بیوں ہنسی خوشی: | 9 |
| گئی ہے | گئی ہیں | گیا ہے | گئے ہیں | "مکتوباتِ غالب" چھپ: | 10 |

☆ رموز اوقاف کا درست استعمال کیجئے

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | |
|---|---|---|---|---|---|
| ختمہ کی | رابطہ کی | وقفہ کی | سکتہ کی | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | 11 |
| ! | -: | : | ؛ | ورزش کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔۔۔۔۔۔ | 12 |
| ؛ | ؟ | ! | -: | کیا آپ نماز پڑھ چکے ہیں۔۔۔۔۔۔ | 13 |
| ؛ | -: | ، | ! | سکتہ کی علامت ہے: | 14 |
| سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | مکمل ٹھہراؤ | مختصر ٹھہراؤ | وقفہ کی تعریف ہے: | 15 |

☆ امدادی افعال کے اصولوں کے پیشِ نظر درست جواب کا انتخاب کیجئے

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | |
|---|---|---|---|---|---|
| بازار سے سودا لے آؤ | میں ابھی آتا ہوں | وہ کب آئے | تم آجاؤ | آنا: | 16 |
| اب اُٹھنا چاہیے | وہ بے ساختہ بول اُٹھا | احمد اٹھ گیا | تم کب اُٹھے ہو | اُٹھنا: | 17 |
| لوگ امن چاہتے ہیں | نماز کا وقت ہوا چاہتا ہے | مجھے چائے چاہیے | آپ کو کیا چاہیے | چاہنا: | 18 |
| یہاں سے نکل کر کہاں جاؤ گے | تم ادھر کیسے آ نکلے | وہ اچانک گھر سے نکل گیا | سورج مشرق سے نکلتا ہے | نکلنا: | 19 |
| مہمان کھانا کھانے لگے | ماں کو بچہ اچھا لگتا ہے۔ | پودے لگانا اچھی بات ہے | گاڑی دیوار سے لگ گئی | لگنا: | 20 |

1223 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (پہلا گروپ) (سیشن 2021-23 to 2019-21) پرچہ (II)

وقت: 2.40 گھنٹے — حصہ ............... اول — کل نمبر 80

2۔ (ا) درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+8=10

تھا کبھی علم آدمی، دل آدمی، پیار آدمی x آج کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی

کُلبلاتی بستیاں، مشکل سے دو چار آدمی x کتنا کم یاب آدمی ہے کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 1+3+3+3=10

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی x کُھلتے ہیں غلاموں پر اسرارِ شہنشاہی

عطار ہو، رُومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو x کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

نومید نہ ہو ان سے اے رہبرِ فرزانہ x کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی

حصہ ............... دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) دو لونگیں، اس کے ساتھ دو ورق کی حکایت دلچسپ مزاج دار دل و جان سے معتقد ہوگئیں جُھن تو لونگیں دے کر رخصت ہُوئی، مزاج دار بہو نے غسل کر کپڑے بدل، خوشبو لگا، ایک لونگ بسم اللہ کر کے اپنی چوٹی میں باندھی اور میاں کی پلنگ کی چادر اور تکیوں کے غلاف بدل ایک لونگ کسی تکیے میں رکھ دی۔ محمد عاقل جو گھر آیا، بی بی کو دیکھا صاف ستھری پلنگ کی چادر بے کہے بدلی ہوئی۔ خوش ہوا اور التفات کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

(ب) پبلشروں کی حد تک تو ٹھیک ہے کہ افغانستان میں اس نام کی کوئی مخلوق نہیں۔ حکومت کے محکمے اور ادارے سرکاری مطبعوں میں کتابیں چھاپتے ہیں۔ ان کی بھی کل تعداد پورے ملک میں پانچ ہے۔ پرائیویٹ پریس کوئی نہیں ہے۔ اول تو ان حالات میں کوئی شخص لکھنے کا حوصلہ ہی نہیں کرتا اگر کوئی مرزا غالب یا فیض احمد فیض پیدا بھی ہو جائے تو اسے ازراہِ قانون حکومت کو عرضی دینی چاہیے کہ بندے کی یہ تالیف لطیف زیورِ طبع سے آراستہ کی جائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1 +9

(الف) نواب محسن الملک (ب) قرطبہ کا قاضی

5۔ نصاب میں شامل مولانا الطاف حسین حالی کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(الف) رحمۃ اللعالمین ﷺ (ب) کرپشن/بدعنوانی کے اسباب، اثرات اور تدارک (ج) علم کے فائدے

7۔ اپنے اُستاد کو خط لکھ کر اپنی شاندار کامیابی سے انھیں آگاہ کیجیے۔ 10



www.pakcity.org

اردو لازمی (معروضی) (دوسرا گروپ) (سیشن 2019-21 to 2021-23) پرچہ (II) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ PAPER CODE 4028 SGD-12-2-23 کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نواب محسن الملک نے ریاست کا بجٹ کس ملک کے نمونے پر مرتب کیا؟ | برطانیہ کے | ہندوستان کے | عراق کے | مصر کے |
| 2 | ہوائی کس ملک کی ریاست ہے؟ | برطانیہ | جاپان | امریکہ | ڈنمارک |
| 3 | زمانہ قدیم میں مواصلات کا کام کس پرندے سے لیا جاتا تھا؟ | فاختہ | کوا | کبوتر | عقاب |
| 4 | اُمِ عمر رشتے میں عمر بن عبدالعزیزؒ کی کیا لگتی تھیں؟ | پھوپھی | خالہ | چچی | ممانی |
| 5 | اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم رہی۔ | پچاس سال | پچھتر سال | سوسال | ڈیڑھ سو سال |
| ☆ | **مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجئے۔** | | | | |
| 6 | خیام صرف ذہین ہی نہیں ______ ایمان دار بھی ہے۔ | لیکن | بلکہ | اگرچہ | اور |
| 7 | ______ آگے راستہ بند تھا اس لیے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | جبکہ | کیونکہ | چونکہ | جب |
| 8 | لڑکیاں کپڑے دھو ______ | رہیں ہیں | رہی ہیں | رہی ہے | رہیں ہے |
| 9 | آپ ______ مرض خطرناک ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 10 | چونکہ موسیٰ بیمار ہے ______ آج کالج نہیں آیا۔ | تو | اگرچہ | اس لیے | تاکہ |

☆ **رموز اوقاف کا درست استعمال کیجئے**

| | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سکتے سے بڑے ٹھہراؤ کے لیے ____ کا استعمال کرتے ہیں۔ | ختمہ | وقفہ | رابطہ | سوالیہ |
| 12 | آپ کہاں جا رہے ہیں ---- اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی | وقفہ | ختمہ | خط | سوالیہ |
| 13 | مکمل ٹھہراؤ کی علامت کہلاتی ہے۔ | وقفہ | سکتہ | ختمہ | فجائیہ |
| 14 | افہام ____ حسان اور نعمان دوست ہیں۔ یہاں علامت آئے گی۔ | ، | ؛ | :- | ؟ |
| 15 | یہ ! علامت ہے۔ | رابطہ | سوالیہ | سکتہ | ندائیہ |
| ☆ | **امدادی افعال کے اصولوں کے پیشِ نظر درست جواب کا انتخاب کیجئے** | | | | |
| 16 | بیٹھنا: | بیٹھ جاؤ | تم بیٹھو، میں آیا | گاڑی میں بیٹھ کر چلے جاؤ | چیخ سُن کر وہ اُٹھ بیٹھا |
| 17 | چکنا: | وہ نماز پڑھ چکا ہے | میرا حساب چکتا کرو | تم یہ رقم چکا دینا | نیکی کا خوب بدلہ چکایا |
| 18 | لینا: | بازار سے سبزی لیتے آنا | تم کیا لائے ہو۔ | علی نے کتاب لے لی ہے | اچھی مٹھائی لانا۔ |
| 19 | دینا: | مجھے آواز نہ دینا | مجھے آپ نے کچھ نہیں دیا | کسی کو اندر نہ آنے دینا | افہام کو تسلی دو |
| 20 | جانا: | اب جانے بھی دو | مجھے مسجد جانا ہے۔ | یہاں سے چلے جاؤ | آج مجھے جلدی جانا ہے۔ |

www.pakcity.org

1223 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (دوسرا گروپ) (سیشن 2021-23 to 2019-21) پرچہ (II)

وقت: 2.40 گھنٹے SGD-12-2-23 کل نمبر 80

حصہ ---------------------- اول

2۔ (ا) درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+8=10

پریشان اگر قحط سے اِک جہاں ہے × تو بے فکر ہیں کیوں کہ گھر میں سماں ہے
اگر باغ امت میں فصلِ خزاں ہے × تو خوش ہیں کہ اپنا چمن گل فشاں ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 1+3+3+3=10

وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں بدلیں × سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو
کیا غم خوار نے رسوا، لگے آگ اس محبت کو × نہ لاوے تاب جو غم کی، وہ میرا راز داں کیوں ہو
یہ کہہ سکتے ہو، ''ہم دل میں نہیں ہیں'' پر یہ بتلاؤ × کہ جب دل میں تمھیں تم ہو، تو آنکھوں سے نہاں کیوں ہو

حصہ ---------------------- دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15

(الف) آب و ہوا قدرتی غذائیں تیار کر کے زمین کے دسترخوان پر چُن دیتی تھیں۔ وہ ہزار مقوّی اور مفرّح کھانے کے کام دیتی تھی۔ صبا و نسیم کی شمیم میں ہوائی خوشبوؤں کے عطر مہک رہے تھے۔ بُلبلوں کے چہچہے، خوش آواز جانوروں کے زمزمے سنتے تھے۔ خوبصورت خوبصورت چرند پرند آس پاس کلیلیں کرتے پھرتے تھے۔ جابجا درختوں کے جُھرمٹ تھے۔ انھیں کے سائے میں سب چین سے زندگی بسر کرتے تھے۔

(ب) وہ موجود تھے تو اُن کی مثال نعائم فطرت کی تھی مثلاً: ہوا، پانی، روشنی جو اس درجہ عام و ارزاں ہیں کہ اُن کی طرف توجہ مائل نہیں ہوتی لیکن اُن میں سے کسی میں کہیں سے کوئی فرق آجائے تو پھر دیکھیے کیسی کیسی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے اور یہی ناقابلِ التفات چیزیں کیسی نعمتیں بن جاتی ہیں۔ ایوب ایسے ہی تھے وہ دوستوں کی زندگی میں اس طرح گھل مِل گئے کہ ہم سب کو اُن کی موجودگی کا احساس تک نہ ہوتا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1 +9

(الف) نواب محسن الملک (ب) قرطبہ کا قاضی

5۔ مجید امجد کی نظم'' ایک کوہستانی سفر کے دوران میں'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(الف) اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد۔ (ب) تعلیم نسواں (ج) قدرتی وسائل کا تحفظ، نسلوں کی بقاء

7۔ ڈینگی مچھر کی روک تھام کے بارے میں اخبار کے مدیر کے نام خط تحریر کیجیے۔ 10

1214 -1223 - 25000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

1219 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..................

اردو لازمی (معروضی) (پہلا گروپ) (سیشن 2017-19 تا 2015-17) پرچہ (II) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 4023** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۸۰ء | ۱۹۸۲ء | ۱۹۸۳ء | ۱۹۸۴ء | موبائیل فون ایجاد ہوا | 1 |
| قانون کے مطابق | انجیل کے مطابق | قرآن کے مطابق | تورات کے مطابق | عیسائی نے کہا: میں فیصلہ چاہتا ہوں۔ | 2 |
| الہلال | مخزن | رسالہ اسباب بغاوت ہند | تہذیب الاخلاق | سرسید کے رسالے کا نام تھا۔ | 3 |
| شاہانہ | بزرگانہ | عامیانہ | عاجزانہ | احتیاج اور افلاس نے لباس پہنا | 4 |
| لوگوں سے | طعنوں سے | دھمکیوں سے | دھمکوں سے | اوکھلی میں سر دیا تو کیا ڈرنا | 5 |
| | | | | **مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجئے۔** | ☆ |
| مگر | خواہ | جبکہ | کیونکہ | امجد کامیاب ہوگیا .................. ارشد ناکام رہا | 6 |
| گئیں | گئی | گیا | گئے | لشکر شکست کھا کر بھاگ .................. | 7 |
| چکی ہیں | چکے ہیں | چکی ہے | چکا ہے | "ادبی دنیا" بند ہو .................. | 8 |
| اچھے ہیں | اچھا ہے | اچھی ہیں | اچھی ہے | واہ! املا تو .................. | 9 |
| تاکہ | اگر | البتہ | اگرچہ | دفتر جلدی آنا .................. کام مکمل ہوجائے | 10 |
| | | | | **رموز اوقاف کا درست استعمال کیجئے** | ☆ |
| " " | ؟ | ( ) | ۔ | قوسین کی علامت ہے۔ | 11 |
| تینوں کی | استعجابیہ | فجائیہ | ندائیہ | (!) یہ علامت ہے | 12 |
| :- | : | ، | — | قائداعظم نے فرمایا .................. کام، کام اور کام | 13 |
| - | : | ، | ؛ | احمد .................. حسن اور بلال بھائی ہیں | 14 |
| خط | ختمہ | وقفہ | سکتہ | وقفِ خفیف کہتے ہیں۔ | 15 |
| | | | | **امدادی افعال کے اصولوں کے پیشِ نظر درست جواب کا انتخاب کیجئے** | ☆ |
| میں نے بستہ اٹھا رکھا ہے | سامان کمرے میں رکھو | قلم میز پر رکھنا | چابی جیب میں رکھیں | رکھنا | 16 |
| وہ کل آئے گا | اُس کا دل بھر آیا | گھر جلدی آنا | آپ کب آؤ گے؟ | آنا | 17 |
| عمر جلدی اٹھتا ہے | ہال میں شور اٹھا | وہ اٹھ کر چلا گیا | احمد درد سے چلا اٹھا | اٹھنا | 18 |
| وہ صبح سویرے جاگ پڑا | وہ سوچ میں پڑ گیا | بچہ بیمار پڑا ہے | پتوں پر شبنم پڑی ہے | پڑنا | 19 |
| گھر جلدی آ جاؤ | تم کہاں جاؤ گے؟ | وہ گھر نہیں گیا | مجھے لاہور جانا ہے | جانا | 20 |



SGD-P1-12-19

1219 انٹر پارٹ (II)
اردو لازمی (انشائیہ)
وقت: 2.40 گھنٹے

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔
(پہلا گروپ)
(سیشن 2015-17 to 2017-19)

پرچہ (II)
کل نمبر 80

## حصہ ــــــــــــــــــــ اول

2۔ (ا) درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہدیٰ کا x کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا x خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیل x یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لاالہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا x یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے
مرے کدو کو غنیمت سمجھ کہ بادۂ ناب x نہ مدرسے میں ہے باقی نہ خانقاہ میں ہے

## حصہ ــــــــــــــــــــ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15

(الف) سرسید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار دقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور رسالہ تہذیب الاخلاق کے اجرا سے انھوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ ان کی تعلیمی مساعی ۱۸۷۷ء میں تکمیل کو پہنچیں جب علی گڑھ کالج کا افتتاح ہوا جو کم از کم تیس برس تک مسلمانانِ ہند کا واحد قومی مرکز رہا۔

(ب) ایک جونا مارکیٹ ہم شرما شرمی میں نہیں گئے، ورنہ کون سی جگہ ہے جہاں سے ہم نے اپنے لیے کپڑے جمع نہیں کیے۔ ہمیں دراصل اوورکوٹ وغیرہ درکار تھے اور کوئی اونی زیرجامہ مل جاتا تو سبحان اللہ۔ لیکن ہماری شہرت اتنی خراب ہوئی کہ لوگوں نے قیاس کیا، ہم شاید فلسطین کے مہاجروں یا افغانستان کے پاوندوں کے لیے کپڑے جمع کر رہے ہیں۔ نتیجۃً سب نے اپنے پھٹے ہوئے، گھسے ہوئے کپڑے ہمارے سر منڈھنے کی کوشش کی۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1 +9

(i) دستک (ii) ایوب عباسی

5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) ماحولیاتی آلودگی (ii) میرا نصب العین (iii) موبائل فون۔ فوائد ونقصانات

7۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر معاشرے کا بگڑتا ہوا ثقافتی رخ واضح کریں اور اس کے مضر اثرات سے آگاہ کریں۔ 10

1202 -1219- 26000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SGD-P1-[redacted]12-19

1219 انٹر پارٹ (II) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..................

اردو لازمی (معروضی) (دوسرا گروپ) (سیشن 2017-19 to 2015-17) پرچہ (II) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 4026** کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ ایک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایوب عباسی کا علی گڑھ یونیورسٹی سے کیا تعلق تھا۔ | پرووسٹ | وائس چانسلر | ہیڈ کلرک | پروفیسر |
| 2 | قاضی یحییٰ منصور کے بیٹے کا نام تھا۔ | زبیر | عباس | عمران | علی |
| 3 | ابن انشا کے مطابق ہملٹ کا قلعہ واقع ہے۔ | لندن | روم | پشاور | السی نور |
| 4 | وائرلیس کا استعمال سب سے پہلے کس شعبہ میں ہوا | ریلوے میں | تارگھروں میں | بحری جہازوں میں | ہوائی جہازوں میں |
| 5 | اخبار "نئی دنیا" کا کولمبس کون تھا | مولانا ظفر علی خاں | چراغ حسن حسرت | شائق احمد عثمانی | حکیم غلام مصطفیٰ |
| ☆ | **مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجئے۔** | | | | |
| 6 | میں نے رشیدہ کے بالوں کو .......... | لمبے دیکھا | لمبے دیکھے | لمبا دیکھا | لمبی دیکھا |
| 7 | ہجوم نعرے لگا .......... | رہا ہے | رہا ہیں | رہے ہیں | رہی ہے |
| 8 | وہ نہیں آسکا .......... وہ بیمار تھا۔ | چونکہ | کیونکہ | بلکہ | اس لیے |
| 9 | وہ صرف محنتی ہی نہیں .......... ذہین بھی ہے | بلکہ | پر | خواہ | اگرچہ |
| 10 | میں نے قصص ہند ایک ہی رات میں .......... | پڑھ ڈالا | پڑھ ڈالے | پڑھ ڈالیں | پڑھ ڈالی |
| ☆ | **رموز اوقاف کا درست استعمال کیجئے** | | | | |
| 11 | فجائیہ کی علامت ہے۔ | ؛ | ! | :- | ؟ |
| 12 | پاکستان کے بڑے بڑے شہر یہ ہیں ...... (علامت) | ندائیہ | وقفہ | سکتہ | تفصیلیہ |
| 13 | ؛ علامت ہے۔ | وقفہ | سکتہ | رابطہ | ندائیہ |
| 14 | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو علامت استعمال ہوتی ہے۔ | ختمہ | رابطہ | سکتہ | سوالیہ |
| 15 | جملہ معترضہ میں علامت استعمال ہوتی ہے۔ | واوین | رابطہ | قوسین | سوالیہ |
| ☆ | **امدادی افعال کے اصولوں کے پیش نظر درست جواب کا انتخاب کیجئے** | | | | |
| 16 | رکھنا | زبان بند رکھو | تشریف رکھیے | احتیاط سے رکھو | اپنا سامان باندھ رکھو |
| 17 | آنا | جلدی آؤ | کب آؤ گے؟ | وہ گھر جا آیا ہے | وہ آیا |
| 18 | ڈالنا | پانی ڈالو | مکان بیچ ڈالا | خط ڈال دو | برتن میں دودھ ڈالا |
| 19 | جانا | گھر جاؤ | میں جاؤں گا | اپنی کتاب لے جاؤ | جاؤ، اپنا کام کرو |
| 20 | دینا | دس روپے دو | فقیر نے دعا دی | گائے دودھ دیتی ہے | مجھے گھر جانے دو |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

1219 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (دوسرا گروپ) (سیشن 2017-19 تا 2015-17) پرچہ (II)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

حصہ ------------------ اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 10

رُو نما کب ہوگا راہِ زیست پر منزلؔ کا چاند x ختم کب ہوگا اندھیروںؔ کا سفر، خیرالبشرؐ

کب ملے گا ملتِ بیضا کو پھر اوجِ کمال x کب شبِ حالات کی ہو گی سحر خیرالبشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ شاعر کا نام بھی لکھیں 10

بے ہنر، دشمنی اہلِ ہنر سے، آ کر x منہ پہ چڑھتے تو ہیں پر جی سے اتر جاتے ہیں

ہم کسی راہ سے واقف نہیں، جوں نورِ نظر x رہنما تو ہی ہوتا ہے، جدھر جاتے ہیں

آہ! معلوم نہیں، ساتھ سے اپنے شب و روز x لوگ جاتے ہیں چلے، سو یہ کدھر جاتے ہیں

حصہ ------------------ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجئے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 15

(الف) بنو امیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انہوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ دو نہایت متدین اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کیئے کہ عدالت کے وقت ان کے پاس موجود رہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو فوراً ٹوک دیں۔

(ب) وہ اتنے اچھے تھے اور اتنے ارزاں تھے اور اتنے ناگزیر تھے کہ ان کے بارے میں کچھ کہنا شروع کروں تو سب سے پہلے یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ نہیں وہ، یہاں سے نہیں وہاں سے، ابھی نہیں آگے چل کر، یوں نہیں ووں۔ وہ موجود تھے تو ان کی مثال نعائم فطرت کی تھی مثلاً: ہوا، پانی، روشنی جو اس درجہ عام وارزاں ہیں کہ ان کی طرف توجہ مائل نہیں ہوتی لیکن ان میں سے کسی میں کہیں سے کوئی فرق آ جائے تو پھر دیکھیے کیسی کیسی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے اور یہی ناقابلِ التفات چیزیں کیسی نعمتیں بن جاتی ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(i) نواب محسن الملک (ii) ایوب عباسی

5۔ مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 05

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) منشیات ایک لعنت (iii) ماحولیاتی آلودگی

7۔ اپنے دوست کے نام خط لکھ کر اس کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیجئے۔ 10

1204 -1219- 23000

www.pakcity.org

pakcity.org

SGD-12-G2-19

SGD-G1-12-18

1218 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ........ سرگودھا

اردو لازمی (معروضی) (پہلا گروپ) (سیشن 2014-16 to 2016-18) پرچہ (II) دستخط امیدوار ........

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 4023** کل نمبر 20

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ اِنک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر گلبرگ رہنے والے تھے۔ | کوریا | چین | ڈنمارک | جاپان |
| 2 | نواب محسن الملک زبان نہیں جانتے تھے۔ | اردو | فارسی | عربی | انگریزی |
| 3 | ہوائی اور جاپان کے وقت میں فرق ہے۔ | 12 گھنٹے کا | 16 گھنٹے کا | 20 گھنٹے کا | 24 گھنٹے کا |
| 4 | سرسید احمد خاں نے رسالہ جاری کیا۔ | زمیندار | تہذیب الاخلاق | کامریڈ | جنگ |
| 5 | ملک فراغ میں ہمیشہ وقت رہتا تھا۔ | رات کا | دن کا | صبح کا | شام کا |
| ☆ | **مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجیے۔** | | | | |
| 6 | وہ میرا شاگرد ہی نہیں ........ رشتے دار بھی ہے۔ | بل کہ | چونکہ | جب کہ | البتہ |
| 7 | شلوار قمیص یہاں ........ | رکھا ہے | رکھی ہے | رکھی ہیں | رکھے ہیں |
| 8 | پرنسپل صاحب آ ........ | رہے ہیں | رہیں ہیں | رہا ہے | رہی ہے |
| 9 | ماں، باپ، بھائی کوئی کام نہ ........ | آئیں گے | آئیں گئیں | آئے گا | آئیں گا |
| 10 | ''راوی'' لاہور میں ........ | بہتی ہے | بہتا ہے | بہتی ہیں | بہتے ہیں |
| ☆ | **رموز اوقاف کا درست استعمال کیجیے** | | | | |
| 11 | خوشی کے اظہار کے لیے علامت لگائی جاتی ہے۔ | ندائیہ | [illegible] | قوسین | واوین |
| 12 | کسی کو مخاطب کرتے وقت علامت لگائی جاتی ہے۔ | ندائیہ | فجائیہ | سکتہ | وقفہ |
| 13 | قوسین کی بجائے جملہ معترضہ کے دونوں جانب علامت لگائی جاتی ہے۔ | واوین | [illegible] | ندائیہ | خمہ |
| 14 | کسی چیز کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے علامت لگائی جاتی ہے۔ | رابطہ | [illegible] | تفصیلیہ | فجائیہ |
| 15 | سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت لگائی جاتی ہے۔ | ندائیہ | [illegible] | فجائیہ | سوالیہ |
| ☆ | **امدادی افعال کے اصولوں کے پیشِ نظر درست جواب کا انتخاب کیجیے** | | | | |
| 16 | ہونا | اُسے بخار ہو گیا | شام ہو گئی ہے | میاں ایسا ہی ہوتا ہے | اُس نے بنک سے قرضہ لیا ہوا ہے |
| 17 | دینا | اس نے مجھے تحفہ دیا | میز پر قلم رکھ دینا | وہ پرچہ دے آیا ہے | اُسے رقم ادھار دینا |
| 18 | لینا | سبق یاد کر لو | کوا روٹی لے اُڑا | میں نے اُسے کتاب لے دی | بازار سے پھل لا دو |
| 19 | کرنا | اپنا کام وقت پر کیا | صبح سویرے اُٹھا کرو | دودھ میں چینی حل کر دو | مریض نے ناشتہ نہیں کیا |
| 20 | ڈالنا | کاغذ ٹوکری میں ڈال آؤ | اُس نے گائے کو گھاس ڈالی | چوہے نے کتابیں کتر ڈالیں | جگ میں دودھ ڈال لو |

www.pakcity.org

SGD-G1-12-18

1218 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (پہلا گروپ) (سیشن 18-2016 to 16-2014) پرچہ (II)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

## حصہ ---------------- اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 10

| | | |
|---|---|---|
| ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی | x | تو خار زارِ جہاں میں گلاب پیدا کر |
| سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا | x | تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر |

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 10

| | | |
|---|---|---|
| وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں بدلیں | x | سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سر گراں کیوں ہو |
| یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے | x | ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو |
| یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں | x | عدو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو |

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجئے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 15

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطینِ بنو اُمیہ کی ناجائز کارروائیوں کو مٹانا تھا۔ سلاطین بنو اُمیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیئے جاتے تھے۔

(ب) ان کے گھر میں طالب علموں کا وہ ہجوم کہ اندر جا کر دَم گھٹنے لگتا تھا۔ ہر شخص کو کھانا پلانا، سامان دینا، ان کی ضرورتوں کو نظر میں رکھنا اور ان کی فکر کرنا۔ اس کے بعد آفس کا کام، غرض اس شخص کی مشغولیتیں دیکھ کر ہم سب تعجب کیا کرتے تھے کہ یہ شخص زندہ کیسے ہے اور اس کے حواس کیوں کر بجا ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(i) دستک (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5۔ نظم ''آدمی'' کا خلاصہ لکھیں۔ 05

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20

(i) میری پسندیدہ شخصیت (ii) منشیات۔ اسباب اور روک تھام (iii) اَدب۔ موجودہ دور کی اہم ضرورت

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر تاکید کیجئے کہ وہ پڑھنے کے ساتھ ''ہم نصابی'' سرگرمیوں میں بھی حصہ لے۔ 10



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SGD-G2-12-18

1218 انٹر پارٹ (II) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) (دوسرا گروپ) (سیشن 2014-16 to 2016-18) پرچہ (II) دستخط امیدوار..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 4026** کل نمبر 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | بی جمن نے مزاج دار بہو کے کس زیور میں ڈورا ڈلوانے کو کہا؟ | بازوبند | بالی پتے | دھگدگی | گلوبند |
| 2 | ابن انشا نے پشاور میں قیام کے لیے کس ہوٹل کا انتخاب کیا؟ | رائل | گرین | میریٹ | ڈین |
| 3 | فرائضی تحریک نے کس علاقے میں جنم لیا؟ | بہار | بنگال | دکن | اڑیسہ |
| 4 | نواب محسن الملک نے کس ریاست کا بجٹ مرتب کیا؟ | حیدر آباد دکن | لکھنؤ | بہاول پور | جونا گڑھ |
| 5 | زمانہ قدیم میں مواصلات کا کام کس پرندے سے لیا گیا؟ | فاختہ | کوا | کبوتر | عقاب |
| ☆ | مطابقت اور حروف کا صحیح استعمال کیجیے۔ | | | | |
| 6 | چڑیاں اور کبوتر شاخوں پر .............. ہیں۔ | بیٹھا | بیٹھیں | بیٹھی | بیٹھے |
| 7 | ''کلیاتِ اقبال'' چھپ .............. | گئیں ہیں | گیا ہے | گئی ہے | گئے ہیں |
| 8 | علم اور نیکی انسان کا درجہ بڑھا .............. | دیتی ہے | دیتا ہے | دیتے ہیں | دیتیں ہیں |
| 9 | آپ کی محبت ہمارا سہارا .............. ہے۔ | بنا ہوا | بنی ہوئی | بنے ہوئے | بنی ہوئیں |
| 10 | آپ ..............مزاج کیسے ہیں؟ | [illegible] | کی | کیں | کے |
| ☆ | رموز اوقاف کا درست استعمال کیجیے | | | | |
| 11 | خطبہ حجۃ الوداع کے اہم نکات یہ ہیں (آخر میں علامت آئے گی) | تفصیلیہ | [illegible] | وقفہ | سکتہ |
| 12 | واوین کی علامت استعمال کرتے ہیں۔ | حیرت کے اظہار میں | پکارنے کیلئے | سوال پوچھتے ہوئے | قول بیان کرتے وقت |
| 13 | ختمہ کہتے ہیں | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کو | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کو | مکمل ٹھہراؤ کو | مختصر ٹھہراؤ کو |
| 14 | عزیز طلبا ..........محنت کیجئے (عزیز طلبا کے بعد علامت لگائیں) | :- | ! | : | ؟ |
| 15 | مخففات کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔ | قوسین | رابطہ | سکتہ | ختمہ |
| ☆ | امدادی افعال کے اصولوں کے پیش نظر درست جواب کا انتخاب کیجیے | | | | |
| 16 | ڈالنا | اس نے سانپ کو مار ڈالا | اس نے دودھ میں پتی ڈالی | لیٹر بکس میں خط ڈالو | گلاس میں پانی ڈالو |
| 17 | آنا | تم مجھے اب ادھر نظر نہ آنا | میرے لیے آم لے آنا | میرا یہاں آنا جانا لگا رہتا ہے | تم میرے گھر آنا |
| 18 | پانا | میں نے جو چاہا، پالیا | جنید لاہور بڑی مشکل سے جا پایا | پہلے آیئے، پہلے پایئے | نیکی کرو، اجر پاؤ |
| 19 | جانا | بازار جاؤ | اسے کالج جانا ہے | روز سکول جایا کرو | آ کے سبق پڑھ جاؤ |
| 20 | نکلنا | مسافر جنگل کی طرف جا نکلا | تمھیں گھر سے جلدی نکلنا ہوگا | سورج مشرق سے نکلا ہے | زمین سے پودا نکلا |

www.pakcity.org

SGD-G2-12-18

121 انٹر پارٹ (II)
وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) **(دوسرا گروپ)** (سیشن 2014-16 to 2016-18) پرچہ (II)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

## حصہ ---------------- اول

2۔ (ا) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 10

پریشاں اگر قحط سے اک جہاں ہے x تو بے فکر ہیں کیونکہ گھر میں سماں ہے
اگر باغِ اُمت میں فصلِ خزاں ہے x تو خوش ہیں کہ اپنا چمن گل فشاں ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ شاعر کا نام بھی لکھیں 10

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے x ہوئے تم دوست جس کے، دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو
یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں x عدُو کے ہو لیے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو
یہ کہہ سکتے ہو، ہم دل میں نہیں ہیں، پر یہ بتلاؤ x کہ جب دل میں تمھیں تم ہو، تو آنکھوں سے نہاں کیوں ہو

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجئے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 15

(الف) مجھے یقین ہے کہ اس قلعے کے فتح ہوجانے کے بعد دشمن یہ تمام علاقہ خالی کرنے پر مجبور ہوجائے گا اور دشمن کے جو سپاہی یہاں سے فرار ہوں گے، وہ دیبل پہنچ کر ایک شکست خوردہ ذہنیت کا مظاہرہ کریں گے لیکن اگر ہم یہاں سے کترا کر نکل گئے تو ان کے حوصلے بڑھ جائیں گے اور ہمارا عقب ہمیشہ غیر محفوظ رہے گا۔

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں۔ یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا وہ سر کے بال نوچنے لگے "ہائے عنقائے مضمون دام میں آکے چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمھارے شور نے اسے اُڑا دیا ہے۔"

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 10

(i) نواب محسن الملک (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ 20

(i) مخلوط تعلیم (ii) دہشت گردی (iii) اپنی مدد آپ

7۔ اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر انھیں اپنی تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کیجئے۔ 10

1204 -1218 - 21000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

سرگودھا